عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مایۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خان صاحب بریلوی قدس سرہ
سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ
ڈجکوٹ روڈ
لائل پور
NATIONAL BLOCK [illegible]

مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّہْہُ فِی الدِّیْنِ

الحمد للہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلحضرت مجدد مائۃ حاضرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اول و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر: سُنّی دار الاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائلپور

قیمت ۲/۵۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

مسئلہ ۱: شوہر اپنی بیوی کو غسل میت دے سکتا ہے یا نہیں اور بعد مرنے کے شوہر اپنی بیوی کے جنازہ کو ہاتھ لگا سکتا ہے یا نہیں۔

الجواب: جنازہ کو ہاتھ لگا سکتا ہے۔ قبر میں اتار سکتا ہے۔ اسکے بدن کو ہاتھ نہیں لگا سکتا اسی واسطے غسل نہیں دے سکتا۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ ۲: میت کے سوم کو کس قدر وزن ہونا چاہیئے۔ اگر چھواروں پر فاتحہ دلادی جائے تو ان کا کس قدر وزن ہو۔

الجواب: کوئی وزن شرعاً مقرر نہیں۔ اتنے ہوں جس میں ستر ہزار عدد پورا ہو جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۳: اگر ایک عورت کو طلاق دی جاوے تو وہ عورت طلاق دینے سے کتنی مدت بعد نکاح کر سکتی ہے۔

الجواب: طلاق کے بعد تین حیض شروع ہو کر ختم ہو جائیں اور حیض والی نہ ہو تو تین مہینے اور حاملہ ہو تو جب بچہ پیدا ہو جائے اگرچہ سال بھر بعد یا طلاق سے ایک ہی منٹ بعد۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ ۴: تہبند کا پیچ کھول کر نماز کیوں پڑھتے ہیں۔

الجواب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں کپڑا سمیٹنے اور گھرسنے سے منع فرمایا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۵: اگر تہبند کے نیچے لنگوٹ بندھا ہو تو نماز پڑھنا درست ہوگی یا نہیں۔

الجواب: درست ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ ۶: بجلی کیا شے ہے۔

الجواب: اللہ تعالےٰ نے بادلوں کے چلانے پر ایک فرشتہ مقرر فرمایا ہے۔ جس کا نام رعد ہے اس کا قد بہت چھوٹا ہے اور اس کے ہاتھ میں بہت بڑا کوڑا ہے۔ جب وہ کوڑا بادل کو مارتا ہے اسکی تڑی سے آگ جھڑتی ہے اس آگ کا نام بجلی ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

خاوند بیوی کو غسل میت نہیں دے سکتا

سوم کے چھواروں کا وزن

طلاق کی مدت

تہبند اور نماز

بجلی کیا ہے